# ٹاپیکل اینالجیسکس

## تعارف

ٹاپیکل اینالجیسکس ایسی ادویات ہیں جو جلد پر لگائی جاتی ہیں یا نرمی سے ان کا مساج کیا جاتا ہے تاکہ پٹھوں یا جوڑوں کے درد کی کئی صورتوں کو عارضی طور پر دور کیا جا سکے جیسے کریم، جیل، مرہم، ٹرانسڈرمل پیچز اور سپرے۔

## عمومی ٹاپیکل اینالجیسکس پراڈکٹس

عام طور پر استعمال ہونے والی ٹاپیکل اینالجیسکس پراڈکٹس کو تین اقسام میں منقسم کیا جا سکتا ہے جن میں کاؤنٹر اریٹینٹس، نان اسٹیرایڈیل انسداد سوزش ادویات (NSAIDs) اور اوپائیڈ اینالجیسکس شامل ہیں:

1. کاؤنٹر اریٹینٹس: وہ زیادہ شدید درد کا مقابلہ کرنے کے لیے کم شدید درد پیدا کر کے کام کرتی ہیں۔ عام مثالوں میں میتھائل سیلیسائلیٹ، مینتھول، کیمفور اور شملہ مرچ کا عرق شامل ہیں۔
2. NSAIDs: وہ سائیکلو-آکسجینیز 2 (ایک اینزائم جو کہ پروسٹاگلینڈنز کے اخراج کو منضبط بناتا ہے، جو کہ درد اور سوزش کے ذمہ دار ہیں) کے ساتھ مداخلت کرنے کے ذریعے اینالجیسک فراہم کرتے ہیں۔ عام مثالوں میں ڈائیکلوفینیک، پروکسیکیم، آئی بروفن، انڈومیتھاسین اور کیٹوپروفن شامل ہیں۔
3. اوپائیڈ اینالجیسک: وہ درد کے احساس سے مرکزی اعصابی نظام کو روکنے کے لیے جلد کے ذریعے جذب ہوتے ہیں۔ عام مثالوں میں فیناٹینائل اور بپرینورفائن شامل ہیں۔

تمام ٹاپیکل اینالجیسکس پراڈکٹس صرف عارضی درد سے نجات فراہم کرتے ہیں، براہ مہربانی اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں؛ یا بالکل اسی طرح استعمال کریں جیسا کہ لیبل/پیکیج مدخولات پر ہدایت کی گئی ہے تاکہ زیادہ مقدار یا زہر کے مضر اثرات کو روکا جا سکے (مثلاً سیلیسیلائٹ پوائزننگ)۔ اگر آپ دائمی یا شدید اور ناقابل برداشت درد میں مبتلا ہیں تو، براہ مہربانی ڈاکٹر سے مشاورت کریں یا مشورہ لیں۔

## عمومی ضمنی اثرات*

1. ٹاپیکل کاؤنٹر اریٹینٹس: جلد کی لالی، جلنے کا احساس، کھجلی، خارش، وغیرہ۔
2. ٹاپیکل NSAIDs: جلدی خارش، کھجلی، سرخی کا ہونا، جلد کی جلن، فوٹو سینسیٹیویٹی، وغیرہ۔
3. ٹاپیکل اوپائیڈ اینالجیسک: قبض، نیند، متلی اور الٹی، تھکاوٹ، چکر آنا، سر درد، پیٹ میں درد، وغیرہ۔

اگر آپ کو الرجی کی کوئی علامات محسوس ہوتی ہیں جن میں جلد پر چھالے، چھتے، چہرے، ہونٹوں، زبان یا گلے کی گھرگھراہٹ یا سوجن شامل ہوں تو، پراڈکٹ کا استعمال بند کر دیں اور فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

## عام احتیاطیں*

- علاج کی سفارش کردہ طوالت/ مجوزہ خوراک سے تجاوز نہ کریں۔
- علاج شدہ جلد کو پٹی یا ہیٹنگ پیڈ سے نہ ڈھانپیں۔
- استعمال کے دوران چہرے، کھوپڑی، آنکھوں یا میوکس ممبرینز کے ساتھ ربط سے گریز کریں۔
- جلد کے بڑے ایریاز پر لگانے سے گریز کریں۔
- کٹی پھٹی ہوئی جلد پر پراڈکٹس کو لگانے سے گریز کریں۔
- جن بچوں کو فلو، چکن پاکس یا بخار ہو ان میں میتھائل سیلیسائلیٹ پر مشتمل ٹاپیکل پراڈکٹس کے استعمال سے گریز کریں۔
- اگر آپ کو سیلیسائلیٹس (مثلاً اسپرین) یا کسی دیگر NSAIDs کے لیے انتہائی حساسیت کی ہسٹری ہو، جس میں وہ بھی شامل ہیں جن میں اسپرین یا کسی دیگر NSAID کے ذریعے دمہ، انجیوڈیما، چھپاکی یا ناک کی سوزش کے حملے ہوئے ہوں تو، ٹاپیکل NSAIDs کا استعمال نہ کریں۔

- اگر آپ خون کو پتلا کرنے والی چیزیں لے رہے ہیں تو ایسی کوئی بھی ٹاپیکل پراڈکٹس استعمال کرنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں جس میں سیلیسائلیٹس (جیسے میتھائل سیلیسائیلیٹ) ہوں۔
- اگر آپ کو سیلیسائلک ایسڈ سے الرجی ہے تو میتھائل سیلیسائلیٹ پر مشتمل کوئی بھی ٹاپیکل پراڈکٹس استعمال کرنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔
- فوٹو سینسیٹویٹی کے امکان سے بچنے کے لیے ٹاپیکل NSAIDs کے ساتھ علاج کیے جانے والی جگہ کی سورج کی روشنی میں ضرورت سے زیادہ نمائش سے گریز کریں۔
- بچوں کی طرف سے ٹاپیکل اینالجیسکس کے استعمال سے پہلے ڈاکٹر سے مشاورت کریں یا مشورہ لیں۔
- اگر آپ حاملہ ہیں یا دودھ پلا رہی ہیں تو کوئی بھی ٹاپیکل اینالجیسکس استعمال کرنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔

اوپائیڈ ٹرانسڈرمل پیچز (یعنی کہ فیناٹینائل یا بیوپرینورفائن) استعمال کرتے وقت اضافی احتیاطی تدابیر*:

- ایک ہی جگہ پر لگاتار استعمال کرنے سے گریز کریں۔
- طبی مشورے کے بغیر پیچ کو نہ کاٹیں۔
- شراب نوشی نہ کریں، گاڑی نہ چلائیں یا بھاری مشینری نہ چلائیں۔
- اپنے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق اوپائیڈ ٹرانسڈرمل پیچ کا استعمال کریں۔ اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کیے بغیر اس کا استعمال بند نہ کریں۔

## ٹاپیکل اینالجیسکس کے استعمال کے بارے میں عمومی مشورہ*

- ہمیشہ اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ کی ہدایات پر عمل کریں؛ یا بالکل اسی طرح استعمال کریں جیسا کہ لیبل/پیکج مدخولات پر ہدایت کی گئی ہے۔
- پراڈکٹ کا استعمال بند کر دیں اور اگر الرجی زدہ ری ایکشن ہو تو فوری طور پر اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔
- پراڈکٹس استعمال کرنے کے بعد ہاتھ دھوئیں۔ اگر آپ کے ہاتھوں یا انگلیوں کے کسی حصے کا علاج کرنے کے لیے دوا استعمال کر رہے ہیں تو، اپنے ہاتھ دھونے سے پہلے کم از کم 30 منٹ انتظار کریں۔
- اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں اگر حالت بگڑ جاتی ہے، یا اگر علامات 7 دنوں سے زیادہ برقرار رہیں یا کچھ دنوں میں ختم ہو جائیں اور جب دوبارہ ظاہر ہوں۔

### سٹوریج

ٹاپیکل اینالجیسکس کو ٹھنڈی خشک جگہ پر محفوظ کیا جانا چاہیے۔ جب تک کہ لیبلوں پر ذکر نہ کیا گیا ہو، ادویات کو ریفریجریٹر میں محفوظ نہیں کیا جانا چاہیے اور انہیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھا جانا چاہیے تاکہ حادثاتی ادخال یا زہر خورانی سے بچا جا سکے۔

* یہاں موجود معلومات تمام ممکنہ ضمنی اثرات، احتیاطی تدابیر، تنبیہات، ادویاتی تعاملات، الرجی زدہ رد عمل، یا منفی اثرات کا احاطہ نہیں کرسکتی ہیں۔

ڈرگ آفس

ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ

دسمبر 2022